**29.08.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ محمد عمار

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی بھارت اور ازبیکستان کے درمیان دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کی خاطر دو روزہ دورے پر تاشقند پہنچ گئے ہیں۔

☆ نیپال میں اچانک سیلاب میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 669 ہوگئی ہے۔ 287 بھارتی شہریوں سمیت دو ہزار سے زیادہ افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ نیپال نے تباہ کن سیلاب کے پیش نظر بھارت کی راحت کوششوں کی ستائش کی ہے۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے شکاگو کاروباری گول میز میں بھارت کے وسیع بازار اور طویل مدتی سرمایہ کاری صلاحیت کو اجاگر کیا۔

☆ اس سال جولائی تک بہت چھوٹے پیمانے پر آبپاشی کی اسکیم 'فی بوند زیادہ فصل' کے تحت 115 لاکھ ہیکٹئر آراضی کا احاطہ کیا گیا ہے۔

☆ یوکرین کے Bucha ڈسٹرکٹ پر روس کے حملے میں 37 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور پیر تک اڈیشہ میں بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ بہار، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور شمال مشرقی ریاستوں کے حصوں میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***PM Tashkent***

وزیراعظم نریندر مودی وسطی ایشیائی ملک ازبیکستان کے دو روزہ دورے پر آج شام راجدھانی تاشقند پہنچے۔ ہوائی اڈے پر ازبیکستان کے صدر شوکت مرزیایوف نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم مودی نے صدر شوکت مرزیایوف کی موجودگی میں Yangi ازبیکستان پارک میں گلہائے عقیدت پیش کیے۔

دونوں رہنما باہمی فائدے کے تمام معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی کا استقبال کرنے کیلئے راجدھانی تاشقند کو خصوصی طور پر سجایا گیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ........

**VC Sushil Tiwari**

پورا شہر بھارت کے پرچم اور استقبالیہ بینروں سے سجا ہوا ہے کیونکہ ازبیکستان کو وزیراعظم مودی کے چوتھے دورے کا بے صبری سے انتظار تھا۔ تاشقند میں مقیم بھارتی برادری بھی وزیراعظم مودی کے خصوصی استقبال کے لیے جمع ہوئی۔

کل صدارتی محل میں وزیراعظم نریندر مودی اور ازبیکستان کے صدر شوکت مرزیایوف دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ یہ تعلقات صدیوں پرانے تہذیبی رشتوں پر قائم ہیں اور مضبوط عوامی روابط سے مزید مستحکم ہوئے ہیں۔دونوں رہنما تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع، ڈیجیٹل رابطے، توانائی، تعلیم اور عوام سے عوام کے رابطے کے شعبوں میں باہمی تعاون کا جائزہ لیں گے۔ وہ وکست بھارت 2047اور ازبیکستان– 2030 کے مشترکہ ترقیاتی وژن کو آگے بڑھانے کی خاطر اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔

وزیراعظم مودی کے تاشقند میں شاستری میموریل اور تاشقند اسٹیٹ یونیورسٹی آف اورینٹل اسٹڈیز کے مہاتما گاندھی سینٹر جانے کی بھی توقع ہے۔

تاشقند سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک، لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 137واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## Nepal Flood

نیپال اور تبت میں اچانک آنے والے تباہ کن سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 669ہو گئی ہے، جبکہ 2ہزار سے زیادہ افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ ہمالیائی ملک کے متاثرہ ضلعوں میں تلاش اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ حکام کے مطابق پولیس لاپتہ افراد کو تلاش کرنے اور سیلاب میں پھنسے لوگوں کی مدد کے لیے مقامی لوگوں اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔بھارت نے سیلاب سے متاثرہ نیپال کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر اپنی امداد میں اضافہ کیا ہے۔ وزارتِ خارجہ نے کہا کہ بدھ کے روز آئے سیلاب کے بعد سے نیپال میں اب تک 88 بھارتی شہریوں کو بچایا جا چکا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا

کہ 287 بھارتی شہری لاپتہ بتائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ملکوں کی شہریت رکھنے والے تقریباً 128 بھارت نژاد افراد بھی لاپتہ ہیں۔ جناب جیسوال نے کہا کہ آج Rasuwa میں واقع پن بجلی پروجیکٹ کے مقام سے چار بھارتی شہریوں کو بچایا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ 120 بھارتی شہری آج چین سے نیپال میں داخل ہوئے ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ ........

**VC Dipendra**

بھارت نے نیپال میں آئے تباہ کن سیلاب کے بعد، وہاں پھنسے بھارتی شہریوں کی تلاش اور بچاؤ کی کوششیں تیز کردی ہیں۔ بھارت کے فارینسک ماہرین کی 6 ٹیمیں، لاشوں کی شناخت کیلئے DNA نمونوں کی جانچ میں مدد کریں گی۔ ان کے علاوہ سُرنگوں میں پھنسے افراد کو بچانے میں مدد کی غرض سے ایک خصوصی تکنیکی ٹیم نے بھی کل کاٹھمانڈو پہنچ کر متاثرہ علاقوں میں اپنی کارروائی شروع کردی ہے۔ وزارتِ خارجہ نے تلاش، بچاؤ اور راحت کی کوششوں میں تال میل قائم کرنے کی غرض سے دن رات کام کرنے والا ایک کنٹرول روم قائم کردیا ہے۔ کاٹھمانڈو اور بیجنگ میں بھارتی سفارتخانوں نے بھی سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کیلئے چوبیس گھنٹے کام کرنے والی ہیلپ لائن قائم کی ہیں۔

ان کے علاوہ، بھارت نے نیپال میں جاری بچاؤ اور امدادی کارروائیوں میں مدد کے مقصد سے 57 ٹن سے زیادہ ایمرجنسی امدادی سامان روانہ کیا ہے۔

نئی دلّی سے دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا کہ بھارت کو نیپال میں بحران کی اس صورتحال پر بہت تشویش ہے۔ لکھنؤ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، نیپال کو ضرورت کی سبھی امداد فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ بھارت، نیپال کو مسلسل امدادی سامان بھیج رہا ہے۔

**S/B: Rajnath Singh- Nepal**

نیپال کے صدر رام چندر پاؤڈیل نے آج نیپال میں تباہ کن سیلاب کے بعد صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی تشویش اور حکومتِ ہند کی جانب سے فراہم کی جانے والی مدد پر شکریہ ادا کیا۔ نیپال نے بحران کے وقت بھارت کی امدادی کوششوں کو سراہا ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی کو ملک میں آنے والے تباہ کن سیلاب کے بعد غیر معمولی طور پر فراخ دل قرار دیا ہے۔ نیپال کے وزیرِ خزانہ Swarnim واگلے نے کہا کہ نئی دلّی سے خصوصی امدادی سامان بھیجا گیا ہے اور بھارت نے تعمیرِ نو کے لیے بھی بھرپور مدد فراہم کرنے کا عندیہ دیا ہے۔x

***Sitharaman US Visit***

خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے آج کہا ہے کہ عالمی کمپنیاں اپنی سپلائی چین

اور سرمایہ کاری کا نئے سرے سے جائزہ لے رہی ہیں اور بھارت نہ صرف ایک وسیع بازار مہیا کراتا ہے بلکہ طویل مدتی سرمایہ کاری اور دیگر سرگرمیوں کیلئے بھی اہم مقام ہے۔ امریکہ کے شکاگو میں سرکردہ سرمایہ کاروں اور کاروباریوں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی کاروباری گول میز سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یہ بات کہی۔ انھوں نے طویل مدتی سرمایہ کاری کیلئے بھارت کی وسیع تر ترقی، اصلاحات کی رفتار اور وسعت پا رہے امکانات کو اجاگر کیا۔ محترمہ سیتا رمن نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ بھارت میں سرمایہ کاری کرنے کے امکانات وسیع تر پیمانے پر تبدیلی، پائیدار اقتصادی ترقی، ہنرمند افرادی قوت، عالمی معیار کے بنیادی ڈھانچے، تکنیکی پیشرفت اور ایک دہائی کی مسلسل اصلاحات پر مبنی ہیں۔آتم نربھر بھارت اور iDEX جیسی پہل کو اجاگر کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ بھارت ڈرون، Autonomous سسٹم اور دیگر جدید ٹیکنالوجیوں کے سلسلے میں گھریلو صلاحیتیں مستحکم کر رہا ہے۔ انھوں نے عالمی شراکت داروں کو عالمی بازاروں کیلئے مل کر تیار کرنے، مل کر تعمیر کرنے کیلئے بھی یہ کہتے ہوئے دعوت دی کہ وہ نہ صرف بھارت کو ایک بازار کے طور پر دیکھیں بلکہ ایک ایسا پلیٹ فارم بھی مانیں جہاں سے دنیا کیلئے سازوسامان تیار کیا جاسکتا ہے۔اس گول میز کا انعقاد بھارت—امریکہ کلیدی شراکت داری فورم کے ساتھ اشتراک میں شکاگو میں بھارتی قونصلر جنرل کی جانب سے کیا گیا تھا۔x

## *UP Rajnath*

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ بھارت، نہ صرف ایک بڑی معیشت کے طور پر ابھرا ہے بلکہ ایک ایسے ملک کے طور پر بھی اُبھرا ہے جسے ایک قوم کے طور پر اپنی تہذیبی وراثت، ثقافت اور صلاحیتوں پر پورا اعتماد ہے۔لکھنؤ میں بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر یونیورسٹی کے 11ویں جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ آج جب بھارت کچھ کہتا ہے تو دنیا اسے بہت دھیان سے سُنتی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ نئے بھارت میں سب سے بڑی انقلابی تبدیلی یہ ہوئی ہے کہ ملک اب نہ صرف یہ کہ عالمی ضوابط پر مزید عمل نہیں کرتا بلکہ وہ یہ ضابطے بنانے میں تعاون بھی کرتا ہے۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت میں گزشتہ 12 سال کے دوران، تعلیم کے معیار اور عام آدمی تک اس کی رسائی کے معاملے میں بہت بہتری ہوئی ہے۔

**S/B: Rajnath sngh - Startup**

## *Govt Per Drop More Crop*

حکومت نے کہا ہے کہ فی بوند زیادہ فصل اسکیم کے تحت، اس سال جولائی مہینے تک، 115لاکھ ہیکٹیئرس زرعی آراضی پر بہت چھوٹے پیمانے پر کی جانے والی آبپاشی کی جا رہی ہے۔ اس پہل کا مقصد کاشتکاروں کی سطح پر پانی کے کفایتی اور کم سے کم استعمال کو فروغ دینا ہے۔ یہ اسکیم، مرکز کے زیر سرپرستی بہت چھوٹے پیمانے پر کی جانے والی آبپاشی کے طور پر جنوری 2026میں شروع کی گئی تھی۔ سال 2015-16سے 2021-22 تک اس اسکیم کو باضابطہ طور پر فی بوند زیادہ فصل کے نام سے جانا جاتا تھا اور اسے ’’پردھان منتری کرشی سنچائی یوجنا کے ایک کلیدی حصے کے طور پر نافذ کیا گیا تھا۔اس اسکیم کے تحت حکومت، بہت چھوٹے پیمانے پر کی جانے والی آبپاشی

سے متعلق نظام نصب کرنے کیلئے ہر مستفید کسان کو پانچ ہیکٹیئرس تک کی مالی امداد فراہم کرتی ہے۔ چھوٹے کسانوں کو 55فیصد اور دیگر کسانوں کو 45فیصد تک مالی امداد فراہم کی جاتی ہے۔x

## Russia Ukraine Attack

آج یوکرین کی راجدھانی کیف کے نزدیک Bucha ڈسٹرکٹ پر روس کے ایک حملے کے بعد کم از کم 37افراد ہلاک ہوگئے۔ علاقائی فوجی انتظامیہ کے سربراہ کے مطابق اِس حملے میں تقریباً 50رہائشی عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے، جس کے بعد بڑے پیمانے پر گھروں اور ریستوراں میں بھی آگ لگ گئی۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دھماکے کے بعد Myla کے گاؤں میں ایک گودام کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیاہے کہ بزرگ اور معذور افراد کیلئے دیکھ بھال کے مرکزاور رہائشی عمارتوں کوبھی نقصان پہنچا ہے۔

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ دو روز کیلئے اڈیشہ میں بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال کے مقامات پر بھی کَل شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، سکم، اتراکھنڈا اور ودربھ میں بھی اوسط سے شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے انڈومان نکوبار جزائر میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

## National Sports Day

کھیلوں کی بھارت کی سرکردہ شخصیت میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش کے موقع پر آج ملک بھر میں کھیلوں کا قومی دن منایا گیا۔ کھیلوں کے معاملے میں بھارت کی مالامال وراثت کا جشن منانے اور اپنی روز مرہ کی زندگی میں کھیلوں کو مستقل طور پر شامل کئے جانے پر زور دیتے ہوئے یہ منایا جاتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Saqlen Akhter**

حکومت، ملک کے کھیلوں کے ایکو نظام میں مسلسل سرمایہ کاری کر رہی ہے جس سے عالمی سطح پر نمایاں نتائج نظر آرہے ہیں۔ کھیلوں کے اہم بین الاقوامی مقابلوں جیسے اولمپک، پیرالمپک اور مختلف کھیلوں میں بھارت کی بہترین کارکردگی کا اظہار ہو رہا ہے۔ مرکزی بجٹ 27-2026میں نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت کو چار ہزار 400 کروڑ روپئے سے زیادہ مختص کئے گئے جبکہ 14-2013میں یہ محض ایک ہزار 200 کروڑ روپئے تھے۔ بھارت کے اولمپک سفر میں حالیہ برسوں میں یکسر تبدیلی آئی ہے۔ ملک نے 2016میں ریو میں

دو تمغے، 2020میں ٹوکیو میں 7تمغے اور 2024میں پیرس میں 6تمغے جیتے۔
پیرالمپک کھیلوں میں بھی بھارت کی کارکردگی شاندار رہی ہے۔ 2016میں ریو
میں بھارت نے چار تمغے جیتے اور 2020میں ٹوکیو میں اِن کی تعداد بڑھ کر
19ہوگئی۔ 2024میں بھارت نے پیرالمپک میں اپنی بہترین کارکردگی کا
مظاہرہ کرتے ہوئے 29تمغے جیتے۔ ایشین گیمز 2014میں ملک نے 57تمغے
جیتے، 2018میں ان کی تعداد 69رہی اور 2023میں بھارت نے ریکارڈ
107تمغے جیت کر تاریخ رقم کی۔
دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## Vice President

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج بینگلورو میں کرناٹک کے سابق وزیر اعلیٰ رام کرشن ہیگڑے کی صد سالہ تقریبات کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے رام کرشن ہیگڑے کو ایک مدبّر سیاستداں قرار دیا، جو لامرکزیت، تین سطحی حکمرانی، مضبوط وفاقی نظام اور لوک آیوکت کو مضبوط بنانے کے پُرزور حامی تھے۔ انہوں نے کہا کہ رام کرشن ہیگڑے، سرکاری عہدے کو عوام کے اعتماد کی ایک ذمہ داری سمجھتے تھے۔

## US Venezuela Oil Deal

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وینیزوئلا کے ساتھ سب سے بڑے تیل معاہدے کا اعلان کیا ہے۔ وینیزوئلا کے ساتھ یہ تاریخی معاہدہ امریکہ کو 65ارب بیرل سے زیادہ کے تصدیق شدہ خام تیل کے ذخائر پر اکثریتی کنٹرول فراہم کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ معاہدہ امریکی ٹیکس دہندگان کے کسی خرچ کے بغیر حاصل کیا گیا ہے اور اس سے کُل امریکی تیل کے ذخائر دوگنا سے بھی زیادہ ہوجائیں گے۔ امریکی انتظامیہ کا دعویٰ ہے کہ امریکی تیل کی سپلائی میں اس بڑے اضافے سے طویل مدت میں ملکی گیسولین کی قیمتوں میں کمی آئے گی، جبکہ وینیزوئلا کی معیشت اقتصادی بحالی کی راہ پر گامزن ہوگی۔ یہ اعلان مہینوں کے شدید امریکی سفارتی دباؤ، پابندیوں کے نفاذ اور جنوبی امریکی ملک کے توانائی کے شعبے کو مستحکم کرنے کے مقصد سے وینیزوئلا کی تیل کی برآمدات کی براہ راست نگرانی کے بعد سامنے آیا ہے۔x

## Cricket Women

خواتین کرکٹ میں کَل دوبئی بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارتی ٹیم تھائی لینڈ کے خلاف ٹی–ٹوینٹی ایشیا کپ کی اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ یہ میچ رات ساڑھے آٹھ بجے سے کھیلا جائے گا۔ ہرمن پریت کور بھارتی ٹیم کی کپتان ہوں گی جبکہ اسمرتی مندھانا نائب کپتان ہوں گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆